20/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

حادثہ

جموں ڈویژن کے ادھمپور ضلعے میں ایک المناک سڑک حادثے میں زائد از ایک درجنمسافر جان بحق جبکہ دیگرکئی افراد زخمی ہو گئے ہیں ۔

ہمارے جموں کے نمائندے راہی کپور نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ ادھمپور سے رام نگر جا رہی ایک بس کو Kaghote کے مقام پر پیش آیا ، جو سڑک سے لڑھک کر 60 فٹ گہری کھائی میں جا گری۔ زخمیوں کو نزدیکی اسپتال میں بھرتی کرایا گیا ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی ، مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور دیگر کئی شخصیات نے اس المناک حادثے پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور زخمیوں کی صحتیابی کے لئے دعا کی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے مرنے والوں کے ابدی سکون کی دعا بھی کی ہے ۔

BTA

بھارت اور امریکہ آج اپنے مجوزہ دو طرفہ تجارتی معاہدے BTA کے پہلے مرحلے کے طور پر تجارتی مذاکرات دوبارہ شروع کریں گے۔ یہ بات چیت واشنگٹن ڈی سی میں آج سے 22 اپریل تک کی جائے گی۔

اس تین روزہ بات چیت کا مقصد عالمی محصولات میں تبدیلی کے دوران فریم ورک کو نئی شکل دینا ہے۔

لیفٹننٹ گورنر

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

انتظامیہ نے منشیات فروشوں کے خلاف کڑی کارروائی کرنے کا اعلان کیا ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔

---(DRUGS)--LG-----

نشہ ریلی

اسی دوران اننت ناگ کے ڈورو شاہ آباد میں نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت ایک بیداری ریلی نکالی گئی ، جس میں سول سوسائٹی، ٹریڈ یونین اور ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے اراکین کے علاوہ طلباء، نوجوانوں، مذہبی شخصیات، سابق عوامی نمائندوں نے شرکت کی۔

اس موقع پر مقررین نے نوجوان نسل کو منشیات کی لت سے بچانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان کی ذمہ داری معاشرے کے تمام طبقات پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے انتظامیہ کو مکمل تعاون فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

اردو

جموں کشمير ار دو کونسل نے پٹواری اور نائب تحصيلدار اساميوں کی حاليہ بهرتی کے نوٹيفکيشن ميں اردو زبان کے لازمی شرط ختم کيے جانے پر شديد رد عمل کا اظہار کيا ۔

کونسل کا ايک اجلاس ايڈوکيٹ عبدالرشيد ہانجوره کی صدارت ميں منعقد ہوا جس دوران حکومت سے فوری طور پر اس فيصلے پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کيا گياکيونکہ اردو جموں کشمير ميں مہاراجہ پرتاپ سنگه کے ِ دور حکومت سے يہاں کی سرکاری زبان رہی ہے ۔

SKIMS

کے اہتمام سے منعقد ہوئی Endocrinology شير کشمير انسٹی چيوٹ آف ميڈيکل سائنسز صوره سرينگر ميں ادارے -
MPشعبے PCOS کے سوسائٹی کی چهٹی سالانہ بين الاقوامی کانفرنس اختتام پذير ہوئی ۔ Metabollic Syndrome, Pre diabetes & PCOS يعنی
کی شرح Polycystic Ovary Syndrome کانفرنس کی اختتامی تقريب کے دوران اس بات کی جانکاری دی گئی ہے کہ بهارت ميں نوجوان خواتين ميں 19.3 فيصد تک پہنچ گئی ہے جو ملکی سطح پر 44 ملين آبادی کو متاثر کر رہا ہے۔

ريسرچ سے يہ بات سامنے آئی ہے کہ کشمير ميں بهی اس بيماری سے 30 فيصد آبادی متاثر ہوئی ہے ۔ اس کانفرنس JAMA دوسری جانب ميں اس بيماری کی روکتهام کے ليے اجتماعی کوششوں پر زور ديا گيا ۔

روڈ سيفٹی

گورنمنٹ کالج آف ايجوکيشن سرينگر نے روڈ سيفٹی سالانہ ايکشن پلان 2024- 25 کے تحت “ سڑک سرکشا ، جيون رکشا” کے موضوع پرصوبائی سطح کا روڈ سيفٹی بيداری پروگرام منعقد کيا ۔ اِ س پروگرام مينصوبہ کشمير کے مختلف کالجوں کے طالب علموں نے حصہ ليا اور مقررين نے کہا کہ روڈ سيفٹی ايک اِجتماعی سماجی ذِمہ داری ہے ۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپيل کی کہ وه ذمہ دار شہری بن کر مثبت تبديلی لانے کے لئے اپنا کردار نبهائيں۔

ايران

ايران نے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ِ براه راست اختلاف کرتے ہوئے، امريکہ کے ساته دوسرے دور کی امن بات چيت سے اتفاق نہيں کيا ہے ۔ صدر ٹرمپ نے کہا تها کہ امريکی مذاکرات کار، بات چيت کيلئے آج رات پاکستان پہنچ جائيں گے ۔

ايران کی سرکاری خبررساں ايجنسی ارنا نے امريکہ کے حد سے زياده مطالبات، غير حقيقی اميدوں، موقف ميں لگاتار تبديليوں، بار بار کيے جانے والے اختلافات اور بحری ناکہ بندی کو انکار کی وجوہات بتايا ہے ۔
ا

س نے ناکہ بندی کو جنگ بندی کی شرائط کی خلاف ورزی بتايا ہے ۔ ±

ايران کے پاسداران انقلاب نے بهی آبنائے ہُ ر مز بند کر دی ہے اور
ا

س نے کہا ہے کہ تجارتی جہازوں کو واضح طور پر اجازت لينی چاہيے اور پاسداران کی طرف سے منظور شده راستوں کو اختيار ± کرنا چاہيے۔

اس کے ساته ہی خبروں کا يہ بليٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭٭